مسافرانِ آخرت

ادارہ

★ رفیق امیر شریعت حضرت مولانا محمد یٰسین رحمتہ اللہ علیہ کی نواسی، حافظ عبدالغفور صاحب کی بیٹی، محمد عتیق اور محمد انیس کی ہمشیرہ، ملک محمد طارق کی اہلیہ اور محترم قاری محمد طٰسین کی بھانجی ۲۰ / جمادی الاخری ۱۴۳۸ھ / 20 مارچ 2017ء بروز پیر طویل علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔ مرحومہ، حافظۂ قرآن اور عالمہ تھیں۔ ہمارے جامعہ بستانِ عائشہ دارِ بنی ہاشم ملتان میں حفظ قرآن مکمل کیا، عالمہ بنیں اور کئی برس اپنی مادرِ علمی میں معلّمہ رہیں۔ بعد میں اپنے نانا جان مولانا محمد یٰسین رحمتہ اللہ علیہ کے قائم کردہ مدرسہ صوت القرآن میں بچیوں کو قرآن وحدیث کی تعلیم دیتی رہیں۔ علالت کی شدت کی وجہ سے تدریس موقوف ہوگئی جس کا انھیں آخر وقت تک شدید افسوس تھا کہ وہ کئی روز سے حدیث نہیں پڑھا سکیں۔ مرحومہ انتہائی صالحہ، زاہدہ اور عابدہ تھیں۔ خاندانِ امیر شریعت سے بہت گہرا تعلق وانس تھا۔ وہ اپنے خاندانی رشتوں کی طرح خاندانِ امیر شریعت کے افراد کو بھی انھی رشتوں سے پکارتی۔ میرے والد ماجد سید محمد وکیل شاہ رحمتہ اللہ علیہ کو نانا ابا، میری والدہ مرحومہ کو نانی جان، مجھے ماموں جان اور میری بہنوں کو خالہ جان کہتی۔ مرحومہ کے تین معصوم بچے ہیں۔ دو بیٹیاں اور ایک بیٹا۔ مرحومہ کے شوہر ملک محمد طارق نے تینوں بچوں کو جامعہ بستانِ عائشہ میں داخل کرایا ہے کہ ان کی والدہ بھی اسی مدرسہ سے پڑھی تھیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے، درجات بلند فرمائے، حسنات قبول فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطاء فرمائے۔ بچوں کو صالح بنائے، بابرکت زندگی دے اور انھیں مرحومہ کے لیے صدقۂ جاریہ بنائے۔ والدین اور تمام پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے (آمین)۔ 21 / مارچ کو صبح ابدالی مسجد ملتان میں راقم (سید محمد کفیل بخاری جسے مرحومہ ماموں جان کہتی تھی) نے نمازِ جنازہ پڑھائی اور قبرستان جلال باقری میں حضرت امیر شریعت کے سرہانے کی طرف اپنے خالو مولانا احسان فاروقی رحمتہ اللہ علیہ کے قریب ہمیشہ کے لیے آسودہ خاک ہوگئیں۔ **اللھم اغفرلھا وارحمھا وعافھا واعف عنھا وادخلھا الجنۃ الفردوس۔**

★ چیچہ وطنی میں جناب ماسٹر محمد اقبال (بلاک نمبر 13 تبلیغی جماعت والے) کے بھائی پروفیسر امانت علی چودھری 7 / فروری کو ملتان میں انتقال کر گئے۔

★ چیچہ وطنی میں ہمارے اداروں کے معاون خصوصی میاں نذیر حسین کے بھائی میاں محمد اسماعیل کچھ عرصہ پہلے انتقال کر گئے

★ چیچہ وطنی میں چودھری عبدالرزاق ڈوگر کے بھائی اور حافظ محمد عابد مسعود ڈوگر کے تایا جان محمد اظہر ڈوگر 8 مارچ کو انتقال کر گئے۔ مرحوم خانقاہ سراجیہ سے متعلق تھے اور حضرت مولانا خواجہ خان محمد رحمتہ اللہ علیہ سے بیعت تھے اور حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہٗ کے بے تکلف دوستوں میں سے تھے۔ حافظ عبدالرشید چیمہ مرحوم کے خانوادے سے بڑی محبت رکھتے تھے۔

★ مسلم لیگ (ق) کے رہنما حافظ عمار یاسر (تلہ گنگ) کی خالہ محترمہ 20 مارچ کو انتقال کر گئیں۔